سوال نمبر: 15222
منجانب: محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، ایم پی اے

سوال	جواب
(ا)کیا وزیر اطلاعات ارشا د فرمائیں گے کہ آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع جنوبی وزیرستان (سابقہ فاٹا) محکمہ اطلاعات کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں	جی ہاں، یہ بالکل درست ہے کہ صوبائی حکومت نے مالی سال 2021-22کے دوران ضم شدہ اضلاع بشمول ضلع جنوبی وزیرستان میں محکمہ اطلاعات کے شعبے کے لئے ترقیاتی بجٹ مختص کیا ہے۔
اگر (ا) کا جواب اثبات میں ہو تو : ۱)مذکورہ محکمہ کے لئے کتنا فنڈ مختص کیاگیا ہے؟	مالی سال 2021-22 کے دوران ترقیاتی کاموں کے لئے مختص بجٹ کی تفصیلات درج ذیل ہیں: 1) 5 ایف ایم ریڈیو سٹیشنز بشمول ضلع جنوبی وزیرستان کے قیام کے لئے 33 ملین روپےمختص کئے گئے ہیں جس میں سے ضلع جنوبی وزیرستان کا حصہ 3.549ملین بنتا ہے۔ 2) ضلع جنوبی وزیرستان کے ضلعی پریس کلب کی تعمیر و مرمت کے لئے 15.032ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔
۲)۔ مذکورہ محکمے کو کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟	1) ایف ایم ریڈیو سٹیشن ضلع جنوبی وزیرستان کے قیام کے لئےدوسری 3.549ملین روپے جاری کئے گئے ہیں۔ 2) جنوبی وزیرستان کے ضلعی پریس کلب کی تعمیر و مرمت کے لئے 0.56ملین روپے جاری کئے گئے ہیں۔
۳)۔ مذکورہ محکمے نے کتنا فنڈ تا حال خرچ کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کیا جائے۔	1) ایف ایم ریڈیو سٹیشن وانا کے قیام کے لئے 3.549ملین روپے کی جاری کردہ رقم خرچ کی جا چکی ہے۔